اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ – بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا (الاعراف ۷/۱۸۰)

"اور اچھے اچھے نام اللہ ہی کے لئے ہیں سو ان ہی کے ذریعہ تم اللہ تعالیٰ کو پکارو"

اسمائے حسنٰی

پڑھنے کا طریقہ۔

(۱) اگر روانی سے یا مسلسل پڑھنا ہوتو اس طرح پڑھیئے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ

آخر تک پڑھتے جایئے ' ہر اسم کے آخری

لفظ پر پیش پڑھیئے اور دوسرے اسم سے ملادیجئے

(۲) جس نام پر سانس لینے کے لئے رُکنا ہوتو اسکو دوسرے

اسم سے نہ ملایئے ' اور دوسرا اسم اَلْ سے شروع کیجئے

اَللّٰہُ	اللہ
اَلرَّحْمٰنُ	بڑا مہربان
اَلرَّحِیْمُ	بے حد رحم کرنے والا
اَلْمَلِکُ	حقیقی بادشاہ
اَلْقُدُّوْسُ	مقدس - برائیوں سے پاک
اَلسَّلَامُ	سلامتی عطا کرنے والا' سراسر سلامتی والا ' بے عیب ذات
اَلْمُؤْمِنُ	امن و ایمان دینے والا
اَلْمُهَيْمِنُ	نگہبان ' پناہ دینے والا
اَلْعَزِیْزُ	سب پر غالب
اَلْجَبَّارُ	سب سے زبردست' اپنا حکم بزور نافذ کرنے والا

اَلْمُتَكَبِّرُ	بڑائی اور بزرگی والا
اَلْخَالِقُ	پیدا کرنے والا
اَلْبَارِئُ	جان ڈالنے والا ' عالم کو بنانے والا
اَلْمُصَوِّرُ	صورتیں بنانے والا
اَلْغَفَّارُ	بخشنے والا–درگزر اور پردہ پوشی کرنے والا
اَلْقَهَّارُ	سب کو اپنے قابو میں رکھنے والا' کامل اختیار والا' دباؤ والا زبردست
اَلْوَهَّابُ	سب کچھ عطا کرنے والا ' بہت دینے والا ' فیاض حقیقی
اَلرَّزَّاقُ	رزق دینے والا' بہت بڑا روزی دینے والا
اَلْفَتَّاحُ	کھولنے والا ' مشکل کشا
اَلْعَلِيْمُ	جاننے والا ' بہت وسیع علم والا

اَلْقَابِضُ	روزی تنگ کرنے والا' گھٹانے والا' بند کرنے والا
اَلْبَاسِطُ	روزی فراخ کرنے والا' کشادہ کرنے والا' کھولنے والا
اَلْخَافِضُ	پست کردینے والا' گرانے والا
اَلرَّافِعُ	بلند کردینے والا' اٹھانے والا
اَلْمُعِزُّ	عزت دینے والا
اَلْمُذِلُّ	ذلت دینے والا ' ذلیل کرنے والا
اَلسَّمِيْعُ	سب کچھ سننے والا
اَلْبَصِيْرُ	سب کچھ دیکھنے والا
اَلْحَكَمُ	حاکم مطلق ' فیصلہ کرنے والا
اَلْعَدْلُ	سراپا انصاف کرنے والا

اَللَّطِيْفُ	بڑا لطف کرم کرنے والا' باریک بین پاکیزہ مہربان ' پوشیدہ حقائق جاننے والا
اَلْخَبِيْرُ	باخبر اور آگاہ' خبر رکھنے والا " خبردار
اَلْحَلِيْمُ	بڑا بُردبار ' تحمل والا
اَلْعَظِيْمُ	بڑا بزرگ ' بہت عظمت والا
اَلْغَفُوْرُ	بہت بخشنے والا' بہت درگزر کرنے والا
اَلشَّكُوْرُ	بڑا قدردان
اَلْعَلِيُّ	بہت بلند و برتر ' بلندی والا
اَلْكَبِيْرُ	بہت بڑا ' بڑائی والا
اَلْحَفِيْظُ	سب کا محافظ' حفاظت کرنے والا ' نگہبان
اَلْمُقِيْتُ	سب کو روزی اور توانائی دینے والا ' قوت دینے والا ' روزی پہنچانے والا

اَلْحَسِيْبُ	سب کے لیے کفایت کرنے والا' کافی حساب لینے والا
اَلْجَلِيْلُ	بڑے اور بلند مرتبے والا' بزرگی والا
اَلْكَرِيْمُ	بہت کرم کرنے والا' سخی ' عزت والا
اَلرَّقِيْبُ	بڑا نگہبان
اَلْمُجِيْبُ	دعائیں سننے اور قبول کرنے والا
اَلْوَاسِعُ	وسعت والا - فراخی کرنے والا -کشائش والا - وسیع الظرف
اَلْحَكِيْمُ	بڑی حکمتوں والا' بہت دانا
اَلْوَدُوْدُ	بڑا محبت کرنے والا
اَلْمَجِيْدُ	بڑا بزرگ ' بڑی شان والا
اَلْبَاعِثُ	مردوں کو زندہ کرنے والا ' اٹھانے والا

اَلشَّهِیْدُ	حاضر و ناظر ، گواہ حاضر
اَلْحَقُّ	برحق و برقرار ، سچا مالک
اَلْوَکِیْلُ	بڑا کارساز، کام بنانے والا،
اَلْقَوِیُّ	بڑی طاقت و قوت والا، زور آور
اَلْمَتِیْنُ	شدید قوت والا ، مضبوط
اَلْوَلِیُّ	مددگار و حمایتی ، حمایت کرنے والا ، دوست ، حامی و ناصر
اَلْحَمِیْدُ	لائق تعریف، خوبیوں والا
اَلْمُحْصِیْ	اپنے علم وشمار میں رکھنے والا گھیرنے والا ، گننے والا
اَلْمُبْدِئُ	پہلی بار پیدا کرنے والا، نیا پیدا کرنے والا
اَلْمُعِیْدُ	دوبارہ پیدا کرنے والا ،لوٹانے والا

اَلْمُحْيِیْ	زندگی دینے والا' جلانے والا' زندہ کرنے والا
اَلْمُمِیْتُ	موت دینے والا ' مارنے والا
اَلْحَیُّ	ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والا
اَلْقَیُّوْمُ	سب کو قائم رکھنے والا اور سنبھالنے والا' ہمیشہ رہنے والا' سب کا تھامنے والا
اَلْوَاجِدُ	ہر چیز کو پانے والا
اَلْمَاجِدُ	بزرگی اور بڑائی والا' عزت والا
اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ	ایک اکیلا ' یکتا و یگانہ
اَلصَّمَدُ	سب سے بے نیاز' بے احتیاج
اَلْقَادِرُ	کامل قدرت رکھنے والا
اَلْمُقْتَدِرُ	پوری قدرت والا' اقتدار والا

اَلْمُقَدِّمُ	پہلا ، پہلے اور آگے کرنے والا
اَلْمُؤَخِّرُ	پچھلا، پیچھے اور بعد میں رکھنے والا مہلت دینے والا
اَلْاَوَّلُ	سب سے پہلے
اَلْاٰخِرُ	سب کے بعد، سب سے آخر
اَلظَّاهِرُ	ظاہر و آشکارا
اَلْبَاطِنُ	پوشیدہ و پنہاں ، چھُپا، مخفی
اَلْوَالِیْ	متولی اور متصرف، مالک پاک صفتوں والا، حامی و مددگار
اَلْمُتَعَالِیْ	سب سے بلند و برتر
اَلْبَرُّ	بڑا اچھا سلوک کرنے والا
اَلتَّوَّابُ	بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا، رجوع کرنے والا

اَلْمُنْتَقِمُ	بدلہ (انتقام) لینے والا ' بدلہ دینے والا
اَلْعَفُوُّ	بہت زیادہ معاف کرنے والا
اَلرَّءُوْفُ	بہت بڑا شفیق' نرمی کرنے والا' بہت مہربان
مَالِكُ الْمُلْكِ	کائنات کا مالک' بادشاہی کا مالک
ذُوْالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ	عظمت وجلال اور انعام اکرام والا' صاحب بزرگی اور بخشش کا
اَلْمُقْسِطُ	عدل وانصاف قائم کرنے والا' انصاف کرنے والا
اَلْجَامِعُ	سب کو جمع کرنے والا' اکٹھا کرنے والا
اَلْغَنِیُّ	بڑا بے نیاز و بے پرواہ
اَلْمُغْنِیْ	بے نیاز و غنی بنا دینے والا' محتاجی دور کرنے والا
اَلْمَانِعُ	روک دینے والا' منع کرنے والا

اَلضَّآرُّ	ضرر اور نقصان کا مالک
اَلنَّافِعُ	نفع پہنچانے والا
اَلنُّوْرُ	سرتاپا نور والا' نور بخشنے والا' روشن کرنے والا
اَلْهَادِیُ	سیدھا راستہ دکھانے والا اور اس پر چلانے والا' ہدایت کرنے والا' راہ دکھانے والا
اَلْبَدِیْعُ	نیا پیدا کرنے والا' بے مثال چیزوں کو ایجاد کرنے والا
اَلْبَاقِیُ	ہمیشہ ہمیشہ باقی رہنے والا
اَلْوَارِثُ	سب کا وارث مالک' سب کے بعد موجود رہنے والا
اَلرَّشِیْدُ	نیک راہ بتانے والا راہنما' راستی پسند کرنے والا
اَلصَّبُوْرُ	بڑے صبر وتحمل والا' صبر کرنے والا